1989ء سے مسلسل اشاعت | 20 تا 26 مئی 2022 | شمارہ نمبر 21 | جلد نمبر 34

MC - 547 Price Rs. 70/-

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM TM

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل




BMG
بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

پبلشر حرا رؤف

نے پرنٹ عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 28 رنگین اور 20 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

137 سٹی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی

رابطہ: 021-32632362-0308-2933229

weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

ڈیزائننگ: سمیر انصاری

پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

قیمت: 70 روپے

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک بتول مارکیٹ کراچی

A/c-No: 010256027140112960

IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# سندھ ہائی کورٹ کی ڈبل بینچ میں توہین عدالت کی درخواست دائر کرنے کی تیاریاں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ایم یونس اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ کی جانب سے عقیل احمد ایڈووکیٹ نے کلکٹر کسٹم، ایڈیشنل کلکٹر کسٹم و دیگر کسٹم حکام کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کرنے کی تیاریاں شروع کردی ہیں۔ اس سے قبل عقیل احمد ایڈووکیٹ نے 17 مئی کو ڈبل بینچ کو مطلع کیا تھا کہ کسٹم حکام بدستور عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کررہے ہیں اور میرے کلائنٹس پر جبری اضافی کسٹم ڈیوٹی کی ادائیگی کا مطالبہ کررہے ہیں۔ جس پر معزز جج نے کہا کہ آپ ان کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کردیں پھر کارروائی کریں گے۔ عقیل احمد ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا تھا کہ دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر (نیو یا برانڈ) کی کلاسیفکیشن سے متعلق جاری ہونے والے پبلک نوٹس نمبر 01/2022 مورخہ 27 نومبر 2021 کو سندھ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کالعدم کرچکی ہیں اور کسٹم حکام بدستور اس پر عملدرآمد پر اصرار کررہے ہیں اور عدالتی فیصلوں پر عملدرآمد سے گریز کررہے ہیں جبکہ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل پہلے ہی کسٹم افسران کے خلاف توہین عدالت کے سلسلے میں شوکاز نوٹسز جاری کرچکا ہے۔ توقع ہے کہ سندھ ہائی کورٹ میں بھی ان افسران کے خلاف جلد توہین عدالت کی درخواستیں دائر کردی جائیں گی۔

# اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی ڈبل سنچری کراس، انٹربینک میں 199 کا ہوگیا

ڈالر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح عبور کرگیا، اوپن مارکیٹ میں ڈالر 200 روپے میں فروخت ہونے لگا جبکہ انٹربینک میں ڈالر کی قیمت 199 روپے سے تجاوز کرگئی۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز بدھ 18 مئی کو 12 بج کر 2 منٹ پر 2 روپے اضافے کے بعد ڈالر نے اپنی ڈبل سنچری مکمل کی اور 200 روپے کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ ادھر انٹربینک میں بھی روپے کے مقابلے امریکی ڈالر کی قدر میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے، انٹربینک ٹریڈنگ میں 199 روپے سے تجاوز کرگیا، ڈالر کو اپنا ریکارڈ توڑتے ہوئے ایک ہفتہ مکمل ہوچکا ہے، جس کی بڑی وجہ ملک کی بڑھتی ہوئی درآمدات اور غیرملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی ہے۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان (ایف اے پی) کے مطابق منگل 17 مئی کو ڈالر کی قدر میں ایک روپے 10 پیسے کا اضافہ ہوا جس کے بعد کاروبار کے اختتام میں ڈالر 196 روپے 50 پیسے پر بند ہوا، آج کاروباری ہفتے کے تیسرے روز بدھ 18 مئی کو ڈالر 10 روپے 15 پیسے پر فروخت ہورہا ہے۔ مین ہیٹن بینک کے سابق خزانچی اسد رضوی نے بتایا کہ 'ریکارڈ ترسیلات کا مسلسل بہاؤ بھی ڈالر کی پرواز کو روکنے میں مددگار ثابت نہیں ہو رہا ہے'، انہوں نے کہا کہ غیرملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی، ڈالر آمد میں تاخیر اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی خاموشی کے باعث مارکیٹ میں ہلچل ہے تاہم تیل کی قیمتوں کا 110 ڈالر سے بڑھنا مزید خطرناک ہے۔ روپے کے مقابلے ڈالر کی قیمت میں مسلسل اضافے کا موجودہ سلسلہ گزشتہ ہفتے کو شروع ہوا تھا، جب بین الاقوامی کرنسی 188 روپے 66 پیسے کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی تھی، ڈالر کی قیمت 192 روپے اور 193 روپے 10 پیسے جبکہ ڈالر کی پرواز 194 روپے تک جا پہنچی تھی۔ ڈالر نے اپنی قدر میں بلندی کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے 196 روپے کا ہندسہ عبور کرلیا تھا۔ فوریکس ایسوسی ایشن پاکستان نے اعداد و شمار کے ظاہر ہوتا ہے کہ ڈالر منگل 17 مئی کو 196 روپے 50 پیسے پر بند ہوا تھا، جبکہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے ڈالر کی قیمت 195 روپے 74 پیسے بتائی گئی تھی۔ یہ ایسے اعداد و شمار ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ امریکی کرنسی 200 روپے کی نفسیاتی رکاوٹ پر بند ہورہی ہے۔

## معلوماتی پروگرام بابت انکم ٹیکس (وفاقی ٹیکس محتسب)

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام 26 مئی جمعرات کو 3:30 بجے دفتر ایسوسی ایشن کراچی میں ایک سیمینار منعقد ہوگا۔ محمد انیس (سینئر وائس چیئرمین اپیما) اور محمد سلیم بیکیا (چیئرمین بزنس مینل پینل) صدارت کریں گے۔ سیمینار میں ایڈوائزرز برائے وفاقی ٹیکس محتسب ریجنل آفس، عابد محمود (ڈائریکٹر) انکم ٹیکس پر بریفنگ اور نئے طریقہ کار اور مشورے دیں گے بعد ازاں سوال و جواب کا سلسلہ بھی ہوگا۔ ممبران کو پابندی وقت کے ساتھ اس اہم معلوماتی سیمینار میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔

# لاہور: آل پاکستان پرنٹنگ پریس نے 2022 کیلئے نرخ جاری کردیئے

لاہور (نمائندہ خصوصی) لاہور میں آل پاکستان پرنٹنگ پریس کے ایک گروپ نے عہدیداروں کا نام ظاہر کئے بغیر ایک سرکلر کے ذریعے لاہور پریس کے مالکان کے لیے کم از کم پرنٹنگ ریٹس کا اعلان کیا ہے۔ سرکلر میں مزید کہا گیا ہے کہ گراؤنڈ کے فرمے کو دیکھ کر ریٹ بتایا جائے گا نیز سلور، گولڈ، برونز بلو اور برونز ریڈ کا ریٹ فرمے کے مطابق ہوگا۔ لوٹ پوٹ 500 تعداد کے فرمے کے ڈبل چارجز ہوں گے۔ اس کے علاوہ فرمہ خراب ہونے کی صورت میں صرف پرنٹنگ دوبارہ کی جائے گی۔ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ تمام پرنٹنگ پریس مالکان ان نرخوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں کیونکہ مہنگائی کا بدترین دور چل رہا ہے اس مہنگائی کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام پرنٹنگ پریس نے پرنٹنگ کے یہ نئے ریٹس طے کئے ہیں۔ جن کا اطلاق 27 اپریل 2022 سے ہوگیا ہے۔

| | تفصیل | ریٹ | خصوصی فی کلر 1000 |
|---|---|---|---|
| 1 | روٹا 1000 پرنٹنگ فی کلر | 300 روپے | 400 روپے |
| 2 | GTO46 پرنٹنگ فی کلر | 350 روپے | 450 روپے |
| 3 | GTO52 پرنٹنگ فی کلر | 400 روپے | 500 روپے |
| 4 | سولنا | 500 روپے | 600 روپے |
| 5 | ہیڈل برگ 19x26 | 600 روپے | 700 روپے |
| 6 | رولینڈ 23x36 | 1500 روپے | 2000 روپے |




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اپیما سدرن زون کی شاندار روایتی عید ملن کا دوسال بعد شاندار انعقاد

**چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، محمد انیس، سید شاہنواز علی، رضا شیخ اور حبیب نور محمد نے مہمانوں کا استقبال کیا فیڈریشن کے سینئر نائب صدر سلیمان چاؤلہ، نائب صدر شبیر منشا چھرا و دیگر کی شرکت۔ ملک محمد حنیف، اسد ملک اور**

**شکیل ملک کی لاہور سے خصوصی شرکت، سونیری بینک کے جی ایم زین کادوانی اور بینکوں کے افسران، PICT کے راحیل منہاس، کمال صدیقی، محمد نعمان، چیئرمین پاپگائی عزیز خالد سمیت بڑی تعداد کی شرکت**

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون کی روایتی شاندار عید ملن تقریب کووڈ 19 کی وجہ سے دوسال کے وقفہ کے بعد 13 مئی 2022 بمطابق 11 شوال 1443ھ مقامی بینکوئٹ ہال میں منعقد ہوئی۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر شبیر منشا چھرہ، سابق نائب صدر ثاقب فیاض مگوں، چیئرمین پاپگائی و پبلشرز ایسوسی ایشن عزیز خالد، نائب صدر فیڈریشن سلیمان چاؤلہ نے بطور اعزازی مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں لاہور سے خصوصی طور پر سابق چیئرمین ملک محمد حنیف، سابق رکن سینٹرل کمیٹی اپیما لاہور اسد علی ملک، سابق جنرل سیکریٹری ناردرن زون ملک شکیل کے علاوہ سابق سینئر نائب صدر کراچی چیمبر و سابق چیئرمین اپیما عبدالمجید میمن، عقیل احمد ایڈووکیٹ نے بھی شرکت کی۔ تقریب عید ملن کی خاص بات یہ تھی کہ داخلہ بذریعہ کارڈ کیا گیا اور گیٹ پر کارڈ چیک کر کے داخلے کی اجازت دی گئی۔ ایک ممبر کو ایک کارڈ جاری کیا گیا تھا جس کے باوجود 500 مہمانوں نے شرکت کی۔ تقریب نہایت منظم اور ہال کا ماحول نہایت خوبصورت تھا جسے ممبران نے سراہا۔ پیپر مرچنٹس کی یہ 27ویں عید ملن کو شرکا نے یادگار قرار دیا اور کہا کہ اپیما نے اراکین کی ایک بار پھر شاندار طریقے سے عزت افزائی کی جس پر محمد سلیم بیکیا اور ان کی ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔ چیئرمین بزنس مین پینل اور سابق چیئرمین اپیما محمد سلیم بیکیا، اپیما سدرن زون کے عہدیداروں صدر سید شاہنواز علی، محمد رضا شیخ، سابق وائس چیئرمین حبیب نور محمد، سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس اور دیگر اراکین ایگزیکٹو کمیٹی نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ اراکین کی تواضع پر تکلف کھانوں سے کی گئی۔ شرکا اس موقع پر ایک دوسرے سے ملاقاتیں کرتے رہے اور تقریب میں ایک گھنٹہ تک اراکین کی آمد کا سلسلہ جاری رہا۔ عید ملن تقریب میں سابق چیئرمین عبداللہ زبیر، سابق وائس چیئرمین غلام علی، اختر جمیل رحمانی، ناصر قاسم، اسلم جیلانی، شہزاد احمد، یحییٰ باری، سلمان صدیقی سابق صدور اظہر حسین، طارق مرزا، محمد شعیب کے علاوہ محمد احمد اظہر، سہیل اشرف، فرحان صدیقی، شبیر حسین، آفتاب حسین، محمد اعجاز، مرتضیٰ، محمد اقبال محمد یوسف، فہیم شمیم رحمانی، حاجی نور، محمد بلال بیکیا، محمد عثمان بیکیا، محمد شکیل سمیت اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دیگر شرکاء میں جی ایم سنیری بینک ملک زین کادوانی اور ریجنل سربراہ محمد کامران، ایچ ایم بی کے محمد امین، بینک الحبیب کے فیضان، PICT کے کمرشل منیجر راحیل منہاس، ڈپٹی منیجر کمال صدیقی، فنانس ہیڈ محمد نعمان نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں وائس چیئرمین محمد انیس نے مہمانوں کا استقبال کیا اور شرکت پر شکریہ ادا کیا۔ چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ آج کی عید ملن میں فیڈریشن کے سینئر نائب صدر اور سلیمان چاؤلہ کے علاوہ نائب صدر شبیر منشا چھرا اور سابق نائب صدر ثاقب فیاض مگوں، چیئرمین پاپگائی اور چیئرمین پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن عزیز خالد کے علاوہ ملک محمد حنیف، اسد علی ملک، عبدالمجید میمن اور تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ آج کی حاضری نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ پوری پیپر مارکیٹ بزنس مین پینل کے سائے تلے متحد ہے۔ انہوں نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے پاپگائی کی جانب سے پرنٹ پاک میں شرکت کی دعوت پر ان کا شکریہ ادا کیا اور بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ اس موقع پر انہوں نے بلھے شاہ پیکجنگ ملز اور سنچری پیپر ملز کے ذمہ داران سے درخواست کی کہ وہ 34 دیگر مقامی کاغذ ملوں کی انڈر انوائسنگ کو روکیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپر امپورٹرز کسی بھی قسم کی انڈر انوائسنگ نہیں کرتے تاہم مقامی کاغذ ملوں کی انڈر انوائسنگ سے ہمارے ممبران کے 70 سے 80 کروڑ روپے سالانہ ان کے پاس پھنس جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی ملیں اب اپنی کوالٹی کو بہتر بنا کر بین الاقوامی معیار کا مقابلہ کریں۔ محمد سلیم بیکیا نے آفسیٹ پیپر اے فور سائز اور دیگر پیپر پروڈکٹس پر سو فیصد کیش مارجن کی شرط پر بھی اپنی تشویش ظاہر کی اور اس کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔ محمد سلیم بیکیا نے پی آئی سی ٹی کے اعلیٰ حکام، بینکوں کے اعلیٰ افسران کو بھی تقریب میں خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ اب کووڈ 19 ختم ہو گیا ہے تو پھر اب ہماری ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور سابق سینئر نائب صدر کراچی چیمبر عبدالمجید میمن نے محمد سلیم بیکیا اور بزنس مین پینل و ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے گزشتہ تین دہائیوں کی اس روایت کو برقرار رکھا ہے اور ہمیں مل بیٹھنے کا موقع فراہم کیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ روایت آئندہ بھی جاری رہے گی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافکس آرٹس انڈسٹری و چیئرمین پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن عزیز خالد نے کہا کہ محمد سلیم بیکیا نے پرنٹرز اور پیپر مرچنٹس کی مشترکہ جدوجہد کو آگے بڑھایا ہے اور ہم ان کے بغیر نہیں ہیں اور یہ ہمارے بغیر نہیں لہٰذا ہمیں مل جل کر اپنے مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کرنی ہے۔ انہوں نے آئندہ منعقدہ ہونے والی پرنٹ پاک میں شرکت کے لیے پیپر مرچنٹس بالخصوص آئی بی ایم کو دعوت دی کہ وہ اس میں شرکت کریں جس میں مقامی کاغذ ملوں کے ساتھ ساتھ ممتاز پرنٹرز و پیپر مرچنٹس شرکت کر رہے ہیں۔ انہوں نے تقریب میں عزت افزائی پر اپنی اور اپنی ٹیم کے اراکین ایم باسط اور محمد اسماعیل کی جانب سے شکریہ ادا کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر فیڈریشن شبیر منشا چھرا نے کہا کہ پیپر مرچنٹس ایک فعال ایسوسی ایشن ہے اور آپ کے نمائندے فیڈریشن سے رابطے میں رہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں پتہ ہے کہ پرنٹڈ اشیاء پر ڈیوٹی و ٹیکسز کی چھوٹ ہے جبکہ خام مال کی شکل میں آنے والے پیپر پر سب سے زیادہ شرح سے ڈیوٹی عائد ہے ہم اس سلسلے میں اپیما کے موقف کو اجاگر کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک شدید معاشی مشکلات کا شکار ہے اور کاروباری برادری کو اس میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اس کے ساتھ ساتھ ہمیں محتاط رویہ بھی اختیار کرنا ہوگا کیونکہ ڈالر کی اونچی اڑان بھی جاری ہے۔ تقریب سے سابق وائس چیئرمین اپیما اور رکن سینٹرل کمیٹی عابد نثار نے اپنے خطاب میں تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہم محمد سلیم بیکیا کی قیادت میں بزنس مین پینل کے سایے تلے متحد ہیں اور اراکین کے مسائل کے حل کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے تقریب کے شاندار انعقاد پر تمام منتظمین بالخصوص حبیب نور محمد کو مبارکباد دی۔

## پاکستان ڈیفالٹ کی طرف جا رہا ہے، شبر زیدی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سابق چیئرمین ایف بی آر شبر زیدی نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان تیزی سے ڈیفالٹ کی طرف جا رہا ہے، حکومت کو جلد بڑے فیصلے کرنا پڑیں گے۔ تفصیلات کے مطابق سابق چیئرمین ایف بی آر شبر زیدی نے ملک کی معاشی صورتحال پر نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایک ہفتے میں معاشی حکمت عملی واضح کرنی ہوگی دو چار بڑے فیصلے کرنے ہوں گے، ملک کو اس وقت مستحکم حکومت کی ضرورت ہے۔ شبر زیدی نے خبردار کیا کہ موجودہ حکومت کے پاس اس وقت آئی ایم ایف کے علاوہ کوئی آپشن نہیں، اس کے تحت چلنا ہوگا، پاکستان تیزی سے ڈیفالٹ کی طرف جا رہا ہے۔ سابق چیئرمین ایف بی آر نے مزید کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے بغیر سوچے سمجھے حکومت لے لی، مہنگائی سے متعلق جو باتیں کرتے تھے آج خود اس میں پھنس گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسا لگ رہا ہے یہ حکومت ایک ہفتے میں چلی جائے گی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی روایتی عید ملن تقریب کا دو سال بعد انعقاد










13 مئی 2022 کو آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون کی شاندار عید ملن تقریب مقامی ہال میں منعقد ہوئی، اس موقع پر لی گئی تصاویر میں محمد سلیم بیکیا، محمد انیس، عابد نثار، حبیب نور محمد اور اسلم جیلانی مہمانوں کا استقبال کررہے ہیں۔ دیگر شرکاء میں چیئرمین پاپگائی و پبلشرز ایسوسی ایشن عزیز خالد، نائب صدر فیڈریشن شبیر منشا چھرہ، سابق نائب صدر ثاقب فیاض مگوں، محمد اسماعیل، تنویر شیخ، عقیل احمد ایڈووکیٹ، حاجی نور، اختر جمیل رحمانی، ودیگر نمایاں ہیں۔



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

PAPGAI™
AFFILIATED WITH FEDERATION OF PAKISTAN CHAMBER OF COMMERCE AND INDUSTRY

# "بابائے پرنٹنگ" مرحوم محمد سعید پریس والا کی چند یادگار تصاویر














محمد سعید پریس والا، سابق چیئرمین و بانی رکن پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری، جمعرات 12 مئی 2022 کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ مرحوم کی پرنٹنگ انڈسٹری کے لئے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ ان کی زندگی میں مختلف مواقعوں پر لی گئی چند یادگار تصاویر۔ اوپر 2014 میں منعقد ہونے والی پرنٹ پاک کی تعارفی تقریب کے موقع پر سابق چیئرمین پاپگائی محمد آفاق (مرحوم)، صدر آئی بی ایم محمد سلیم بیکیا، چیئرمین پاپگائی عبدالمجید، سابق چیئرمین پاپگائی بلال شیخ (مرحوم)، سلمان ہارون، سابق چیئرمین پاپگائی ڈاکٹر منہاج الدین کے ساتھ اسٹیج پر بیٹھے ہیں، بائیں جانب وہ حاضرین سے خطاب کر رہے ہیں۔ دیگر تصاویر میں ان کے ہمراہ سابق چیئرمین پاپگائی عبدالعزیز گابا (مرحوم)، سابق چیئرمین پاپگائی غیاث احمد پیرزادہ (مرحوم)، سابق صدر کراچی چیمبر خالد فیروز، اویس مرزا جمیل، آصف بھام، ذیشان شفیع صدیقی، سلمان اسلم، عزیز خالد چیئرمین پاپگائی اور سابق چیئرمین پاپگائی محمد اسماعیل پیرا ڈائز بھی نظر آ رہے ہیں۔




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ممتاز پرنٹر، سابق چیئرمین پاپگائی و پبلشرز ایسوسی ایشن محمد سعید پریس والا انتقال کر گئے

## مرحوم کی پرنٹنگ انڈسٹری کے لیے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ چیئرمین پاپگائی عزیز خالد، چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بکیا اور دیگر کے تعزیتی پیغامات

کراچی (پیپر بزنس نیوز) محمد سعید پریس والا، جو پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری کے بانی رکن، سابق چیئرمین، 1990 سے جاری پرنٹ پاک کے متعدد بار ڈائریکٹر نمائش اور چیئرمین نمائش کمیٹی بھی رہے۔ وہ پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ہونے کا بھی اعزاز رکھتے تھے اور اس وقت بھی اس کی مینجنگ کمیٹی کے رکن تھے 12 مئی 2022 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ ان کی نماز جنازہ اسی روز جامع مسجد عالمگیر میں ادا کی گئی جس میں پیپر ٹریڈ، پرنٹنگ انڈسٹری سے تعلق رکھنے والوں کے علاوہ جمعیت پنجابی سوداگران کے عہدیداران اور برادری کے دیگر اراکین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ پیپر ٹریڈ سے سابق چیئرمین اپما عبداللہ زبیر، سابق وائس چیئرمین شہزاد احمد محمد شکیل پانی والا، نجم الحسن، اسپاٹ لٹ کے ہلال شیخ شفیق پریس کے محمد مصطفیٰ، سلیم فاروقی، سلطان چاؤلہ، پیپر بزنس کے محمد روف اور دیگر شامل تھے۔ مرحوم محمد سعید پریس والا 1959 میں پاپگائی کی پہلی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن تھے اور ان کا شمار پرنٹنگ انڈسٹری کی نمایاں شخصیات میں ہوتا تھا۔ وہ 1990 میں پاپگائی کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی پہلی پرنٹ پاک نمائش کے روح رواں تھے اور اس کے بعد اب تک منعقد ہونے والی پرنٹ پاک نمائشوں کے انعقاد میں اہم کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ انہوں نے ڈروپا سمیت متعدد بین الاقوامی پرنٹنگ کی نمائشوں میں بھی شرکت کی تھی۔ وہ پیپر ٹریڈ سے بھی وابستہ رہے اور مقامی ملوں کی ڈسٹری بیوشن بھی ان کے پاس رہی۔ اس حوالے سے وہ کراچی و لاہور کی پیپر مارکیٹ اور بالخصوص پرنٹنگ و پبلشنگ انڈسٹری میں جانے پہچانے جاتے تھے۔ مرحوم کے انتقال پر چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن و سابق چیئرمین اپما محمد سلیم بکیا، سینئر وائس چیئرمین محمد انیس سمیت دیگر عہدیداران وار اکین ایگزیکٹو کمیٹی نے ان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کے بھتیجوں محمد عدیل ناصر اور بابر ناصر سمیت دیگر لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے لیے دعائے مغفرت کی ہے۔



کراچی (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین، پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری (پاپگائی) و چیئرمین پاکستان پبلشرز و بک سیلرز ایسوسی ایشن، عزیز خالد، وائس چیئرمین پاپگائی محمد فیصل ولی سابق چیئرمین محمد اسماعیل میمن، سابق چیئرمین باسط ایم اے زیدی اور دیگرا ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین نے محمد سعید پریس والا (میسرز محمد سعید محمد الیاس) سابق چیئرمین پاپگائی و پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ چیئرمین پاپگائی عزیز خالد نے اپنے ایک تعزیتی پیغام میں کہا کہ وہ پاکستان کی پرنٹنگ انڈسٹری کی ایک مشہور شخصیت تھے، وہ پاپگائی کے بانی ممبروں میں سے ایک تھے، انہوں نے پاپگائی کے قیام کے بعد سے پاپگائی کے چیئرمین کی حیثیت سے متعدد بار پاپگائی کی قیادت کی۔ وہ ایک بصیرت والے آدمی تھے، ہمیشہ پرنٹنگ اور پرنٹرز کے مستقبل اور ترقی کے بارے میں سوچتے تھے۔ پاپگائی کو مضبوط بنانے اور پرنٹ پاک کے نام سے نمائشوں کے انعقاد کی روایت کو متعارف کرانے میں ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان کی وفات پاکستان کی پرنٹنگ انڈسٹری کے لیے ایک نا قابل تلافی نقصان ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محمد سعید پریس والا نے ہمیشہ ان کے ساتھ شفقت کا سلوک کیا اور ہر معاملے میں میری رہنمائی کی ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا مدتوں پر نہیں ہو سکے گا۔ مرحوم نے ہمیشہ پرنٹنگ انڈسٹری کی بہتری کے لیے متعدد تجاویز دیں۔ اس کے علاوہ وہ فیڈریشن آف پاکستان کی مینجنگ کمیٹی کے متعدد بار رکن رہ چکے تھے۔ فیڈریشن کی سطح پر بھی پرنٹنگ انڈسٹری کے مسائل کے حل کے لیے حکومتی ایوانوں تک انہوں نے آواز پہنچائی۔ عزیز خالد نے کہا کہ مجھے ان کے ساتھ فیڈریشن اور پاپگائی کی مینیجنگ کمیٹیوں میں بھی کام کرنے کا موقع ملا۔ میں نے ہمیشہ ان کو ٹریڈ سے مخلص پایا ہے۔ عزیز خالد نے کہا کہ ان کے انتقال سے پوری پرنٹنگ و پبلشنگ انڈسٹری سوگوار ہے۔ ہم سب اللہ رب العزت سے دعا گو ہیں کہ وہ مرحوم کی روح کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

# ڈالر کی اڑان، درآمدی پیپر و بورڈ مہنگا ہونے سے پرنٹرز پریشان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان میں ڈالر کی بڑھتی ہوئی قدر صنعتی خام مال کی درآمدات میں رکاوٹ بن گئی، پاکستانی روپے کی قدر میں کمی سے پرنٹرز مزید مشکلات میں گھر گئے۔ ڈالر کی قدر میں اضافے سے ملک میں درآمدات اور صنعتوں کے لیے خام مال کی قیمتوں میں اضافے نے پرنٹنگ انڈسٹری کو مشکلات میں ڈال دیا ہے۔ پرنٹرز کا کہنا ہے کہ ڈالر کی قدر میں اضافہ ملکی معیشت کو نقصان پہنچا رہا ہے، درآمدی ادائیگیوں کے لئے بینکوں کے پاس ڈالر کم ہیں۔ بینک درآمدی ادائیگیوں کے ڈالر فراہم نہیں کر رہے۔ بالخصوص بینک الحبیب اور حبیب میٹرو سے متعلق شکایات زبان زد و عام ہیں کہ وہ درآمدی دستاویزات کی وصولی پر بروقت ادائیگی نہیں کر رہے ہیں۔ درآمدی خام مال کی تاخیر سے کلیئرنس پر کسٹمز اور شپنگ کمپنیاں ڈیمر جز عائد کر رہی ہیں، پرنٹرز کے مطابق انٹر بینک میں ڈالر کی طلب اور قدر دونوں میں ہی اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔ پرنٹرز کے مطابق ڈالر کی قدر میں اضافے سے خام مال کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں جس سے مصنوعات کی لاگت میں اضافے سے انہیں شدید پریشانی کا سامنا ہے اور پہلے سے کئے گئے معاہدوں پر عملدرآمد مشکل ہو گیا ہے۔ پاکستانی کرنسی ڈالر کے مقابلے میں مسلسل دباؤ کا شکار ہے اور اس کی وجہ بھاری درآمدی بل، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ اور بیرونی ادائیگیاں ہیں۔

# کاغذی اسٹامپ پیپرز کا 74 سالہ نظام ختم، آن لائن کوڈ سسٹم لاگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک بھر میں کاغذی اسٹامپ پیپرز کا 74 سالہ نظام ختم کر کے آن لائن کوڈ سسٹم لاگو کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملک بھر میں کاغذی اسٹامپ پیپرز کا نظام ختم کر کے آن لائن کوڈ سسٹم بلیک اینڈ وائٹ نظام لاگو کردیا گیا ہے جس کا مقصد شہریوں کو فراڈ سے بچانا ہے۔ آئندہ سے 50 روپے والے اسٹامپ پیپر بالکل ختم ہو گئے اب جاری اور استعمال نہیں ہوسکیں گے۔ آن لائن کوڈ سسٹم کے تحت 100، 200، 600 اور 1200 روپے کے 4 مختلف پیپرز جاری ہوں گے۔ 1200 روپے والے اسٹامپ پیپرز پراپرٹی، معاہدوں، ایگریمنٹس کے لیے استعمال ہوں گے۔ 600 والے اسٹامپ پیپرز مختار نامہ کے لیے، 200 والے اسٹامپ ملٹی پر پز کے لیے اور 100 روپے والے اسٹام پیپرز پانی، بجلی، سوئی گیس، ٹیلی فون، کنکشنوں کے بیان حلفی سمیت عدالتوں میں جمع کرائے جانے والے بیان حلفی کے لیے استعمال ہوسکیں گے۔ نئے سسٹم کے تحت ہر اسٹامپ فروش کو لیپ ٹاپ، پرنٹر اور انٹرنیٹ لازمی رکھنا ہوگا اور اسٹامپ پیپر فروش کے اضافی اخراجات ختم ہوجائیں گے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

آسماں تیری لحد پر شبنم فشانی کرے



# اظہار تعزیت

ہم

''بابائے پرنٹنگ''

## جناب محمد سعید پریس والا مرحوم

(سابق چیئرمین، پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری)

کے سانحہ ارتحال پر **دلی تعزیت** کا اظہار کرتے ہیں اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں،

مرحوم نے پرنٹنگ انڈسٹری کو جدید ٹیکنالوجی سے متعارف کرانے کے لئے ''پرنٹ پاک'' کی جو بنیاد رکھی تھی وہ ہمیشہ یاد رہے گی۔
ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے درجات بلند کرے۔

منجانب: **عزیز خالد،**

**چیئرمین، پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری**

PAPGAI
AFFILIATED WITH FEDERATION OF PAKISTAN CHAMBER OF COMMERCE AND INDUSTRY
Room No. 214,2nd Floor, Mashriq Center, Opposite Faran Club, Stadium Road, Karachi - Pakistan.
Email: papgai@yahoo.com Tel+92-21-34920175 Fax+92-21-34926625



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

ANM

# A N M TRADING CO

Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ORIGINAL

# LABEL TAC®

## Premium Quality Sticker Paper

PREMIUM QUALITY 100% GUARANTEED

LT

**Excellent for your needs**

FOR DETAILS PLEASE CONTACT

MILLS REPRESENTATIVE

ATC
Source of Paper & Board

**ATC Pakistan (Pvt) Ltd.**

HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road, Karachi-74000, Pakistan. Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008
Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# نقالوں سے ہوشیار!!

## اطلاعِ عام

ہم اپنے معزز Label Tac Sticker کے خریداروں کو مطلع کرتے ہیں کہ پیپر مارکیٹ میں ہلکی کوالٹی منگوا کہ اسکو LABEL TEK کا نام دے کے اس کو اصل کر کے خریداروں کو بھرپور دھوکہ دے کے بیچنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

ہم اپنے تمام معزز اور ایماندار دکانداروں، پرنٹرز اور پیکیجنگ انڈسٹریز کو آگاہ کرنا چاہتے ہیں کہ ان کی جالسازی سے ہوشیار رہیں اور جعلی LABEL TEK Sticker Paper نہ لیں۔ تمام پیپر کے تاجروں سے گذارش ہے کہ اس طرح کی حرکتوں کے خلاف ہمارا بھرپور ساتھ دیں اصلی **Label Tac Sticker** اور نقلی LABEL TEK STICKER کی تصاویر نیچے شائع کی جارہی ہیں تاکہ آپ حضرات ان کا فرق دیکھ سکیں۔ ہم اپنے معزز دوستوں کو یہ بھی بتانا چاہتے ہیں کہ **Label Tac** برانڈ کو **ATC Pakistan (Pvt) Ltd.** نے مورخہ 10-06-2020 کو رجسٹرڈ کرایا۔

ان تمام حالات اور پیپر مارکیٹ کے مفاد میں ہم نے اس کی روک تھام کے سلسلے میں ملک کے مشہور LAW FIRM کی خدمات حاصل کر لی ہیں جو کہ اب ہم قانونی کاروائی کا حق رکھتے ہیں۔

**ATC Pakistan (Pvt) Ltd.** تمام تاجر برادری کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ انہوں نے اصلی **Label Tac** کی فروخت میں ہمارا بھرپور ساتھ دیا۔

**نقلی**




**اصلی**





## ATC Pakistan (Pvt) Ltd.

HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road, Karachi-74000, Pakistan. Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008

Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER

- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER

- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

GOLD
ExcelPro
PAPERLINE
a1ne



## WOODFREE PAPER

- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER

- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS
Ellustra DRAWING PAPER
enza
foopak
CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS

- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS

- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP

USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.
With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS

TRUTONE
TECHNOLOGY

80
GSM

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

International Business Management

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk | website : www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE
PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line


# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725



# اظہار تعزیت

ہم سابق چیئرمین و بانی رکن، پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری اور
سابق چیئرمین، پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن

**جناب محمد سعید پریس والا** کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہیں

**محمد سعید پریس والا مرحوم** کی پرنٹنگ و پبلشنگ انڈسٹری اور پیپر ٹریڈ کے درمیان مثالی تعلقات کے لئے
کوششیں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے اور ان کے اہل خانہ سمیت دیگر لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## محمد سلیم بیکیا، چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس
## سابق چیئرمین، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS


IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725



# اظہار تعزیت

## جناب محمد سعید پریس والا (مرحوم)

سابق چیئرمین، پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری

کے انتقال پر رکن فرم آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن

میسرز اے بی سعید (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے محمد عدیل ناصر، محمد بابر ناصر اور دیگر لواحقین سے

**تعزیت** کا اظہار کرتے ہیں

**مرحوم محمد سعید پریس والا** نے پیپر بزنس سیکٹر کے مشترکہ مسائل کے حل کے لئے

اپیما کے ساتھ جو تعاون کیا وہ ہمیشہ یادگار رہے گا۔

ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت کرے اور ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔

منجانب: **آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن**

Southern Zone

Address: Room No. 301,3rd Floor, Al-Rasheed Centre, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi.

Phone:(+92-21) 32621041,32627866 Fax: (+92-21) 32210385 Email: appmapk@gmail.com, info@appma.com.pk

Northern Zone

Address: Room No. 219-220,Zulqarnain Chamber, Shahrah-e-Millat, Lahore-54000

Phone:(+92-42) 37248180 Fax: (+92-42) 37213363 Email: appmapk@gmail.com, info@appma.com.pk



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# بلیچ بورڈ، کاربن لیس، درآمدی ومقامی آفسیٹ پیپر، آرٹ کارڈ وپیپر، نیوز پرنٹ ریلز، فوٹو کاپی پیپر اور اسٹیکر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی تیزی دیکھی گئی اور 18 مئی 2022 کوختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک چائنا، لیبل ٹیک چائنا، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، درآمدی آفسیٹ آئی کے اور ریل کٹ، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار، فلائنگ، کراؤن، سپریم مل، ٹاپ رائیٹر، رشین نیوز پرنٹ ریلز، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، چینمنگ، ریئل اور پنڈو ڈیلی، پنڈو آرٹ کارڈ، آرٹ پیپر نیویا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ آرٹ پیپر جاپان او جے آئی کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر وپیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 350 روپے سے بڑھ کر 360 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 315 روپے سے بڑھ کر 320 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 305 روپے سے بڑھ کر 310 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 2650 روپے سے بڑھ کر 2700 روپے، 18x23 سائز 2650 روپے سے بڑھ کر 2700 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 335 روپے سے بڑھ کر 343 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل 340 روپے سے بڑھ کر 345 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ تمام سائز تمام گرام 335 روپے سے بڑھ کر 342 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 330 روپے سے بڑھ کر 338 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 350 روپے سے بڑھ کر 360 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 340 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 172 روپے سے بڑھ کر 174 روپے، تمام سائز 53 گرام، 182 روپے سے بڑھ کر 188 روپے، تمام سائز 60 گرام، 182 روپے سے بڑھ کر 188 روپے، تمام سائز 63 گرام، 182 روپے سے بڑھ کر 188 روپے، تمام سائز 68 گرام، 182 روپے سے بڑھ کر 188 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 68 گرام، 196 روپے سے بڑھ کر 198 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 68 گرام، 198 روپے سے بڑھ کر 200 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر سپریم مل تمام سائز 52 گرام، 142 روپے سے بڑھ کر 174 روپے، تمام سائز 60 اور 68 گرام، 155 روپے سے بڑھ کر 180 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ٹاپ رائٹر تمام سائز 60 گرام، 160 روپے سے بڑھ کر 188 روپے، تمام سائز 68 گرام، 160 روپے سے بڑھ کر 188 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ رشین نیوز پرنٹ ریلز سائز 75.26 انچ، 42 گرام، 280 روپے سے بڑھ کر 290 روپے، سائز 23 انچ، 42 گرام، 260 روپے سے بڑھ کر 290 روپے، سائز 30 انچ، 42 گرام، 260 روپے سے بڑھ کر 290 روپے، سائز 33 انچ، 42 گرام، 280 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ ہائی برائٹ تمام سائز تمام سائز 52 اور 55 گرام، 300 روپے سے بڑھ کر 310 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 820 روپے سے بڑھ کر 880 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 830 روپے سے بڑھ کر 890 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 960 روپے سے بڑھ کر 1020 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 840 روپے سے بڑھ کر 895 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔ 5.13۔ 70 گرام، 1050 روپے سے بڑھ کر 1150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 1700 روپے سے بڑھ کر 1850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 810 روپے سے بڑھ کر 860 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 940 روپے سے بڑھ کر 980 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 990 روپے سے بڑھ کر 1050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 815 روپے سے بڑھ کر 875 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، A4 سائز 800 روپے سے بڑھ کر 870 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2800 روپے سے بڑھ کر 2850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2700 روپے سے بڑھ کر 2750 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2800 روپے سے بڑھ کر 2850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# ڈالر کی بڑھتی قیمت دنیا کے دیگر ملکوں کیلئے دردسر

کراچی (بزنس ڈیسک) دنیا میں ڈالر کی بڑھتی قدر کی وجہ سے عالمی معیشت بتدریج سست روی کا شکار ہورہی ہے، قرضوں کے حصول کی قیمت میں اضافے اور مالیاتی لحاظ سے منڈیوں کے عدم استحکام کی وجہ سے حالات بحرانی کیفیت کا شکار ہیں۔ امریکا کے مرکزی بینک کی جانب سے شرح سود میں بتدریج اور مسلسل اضافے کے باعث جنوری سے لیکر اب تک ڈالر کی قدر میں سات فیصد کا اضافہ ہوا ہے، مرکزی بینک یعنی فیڈرل یو ایس ریزرو کے اس اقدام کا مقصد مہنگائی کو روکنا ہے جبکہ سرمایہ کاروں کی جانب سے ڈالر کی اضافی خریداری سے بھی معاشی حالات غیر یقینی کا شکار نظر آتے ہیں۔ اگرچہ اس اقدام کے نتیجے میں وفاقی سطح پر قیمتوں کو قابو میں رکھنے میں مدد ملتی ہے لیکن ساتھ ہی دنیا میں دیگر حکومتوں کے درآمدی اخراجات میں اضافہ ہوتا ہے جس سے دیگر ملکوں میں نہ صرف مہنگائی بڑھتی ہے بلکہ ان کا سرمایہ بھی کم ہوجاتا ہے۔ یہ صورتحال ابھرتی ہوئی معیشتوں کیلئے پریشان کن ہے کیونکہ انہیں ڈالر کی بڑھتی قیمت کے نتیجے میں اپنی کرنسی کی قدر میں کمی کا بھی سامنا ہے، نتیجتاً یہ ممالک اپنی معیشت کو بچانے کیلئے مختلف اقدامات کرتے ہیں تاکہ ان کے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر قابو میں رہیں۔ ایسے اقدامات کی جھلک بھارت اور ملائیشیا میں نظر آتی ہے جہاں شرح سود میں اضافہ کیا گیا۔ نقصان صرف ابھرتی معیشتوں کا ہی نہیں بلکہ ترقی یافتہ ممالک کا بھی ہورہا ہے۔ گزشتہ ہفتے یورو کی قدر میں گزشتہ پانچ سال کے مقابلے میں ریکارڈ کمی دیکھی گئی، سوئزرلینڈ کی کرنسی فرانک کی قدر بھی کم ہوئی جبکہ ہانگ کانگ میں بھی حکام نے اپنی کرنسی کو بچانے کیلئے اقدامات کیے۔ جاپانی ین بھی دو دہائی بعد اپنی کم ترین سطح پر ریکارڈ کیا گیا۔ امریکا کے مرکزی بینک کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات دیگر ملکوں کیلئے دردسر بن گئے ہیں اور توازن لانے میں لگتا ہے کہ کئی برس لگیں گے۔ ابھرتی ہوئی معیشتوں کو نقصان اس وجہ سے بھی ہوتا ہے کہ ان ملکوں کی حکومتیں، کارپوریشنز یا مالیاتی ادارے ڈالر میں قرضہ جات حاصل کرتے ہیں اور اپنے ملکوں میں عوام کو مقامی کرنسی میں قرضہ جات دیتے ہیں اور جب واپسی کی بات آتی تو اس وقت تک ڈالر کا ریٹ بڑھ چکا ہوتا ہے۔ گلوبل مارکیٹس ریسرچ نومارا ہولڈنگز انکارپوریٹڈ کے سربراہ روب سوبرامین کا کہنا تھا کہ امریکا میں سخت مالیاتی پالیسی کی وجہ سے دنیا کے دیگر ملکوں میں بحران پیدا ہوسکتا ہے کیونکہ ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ امریکا کے مقابلے میں دیگر ملکوں کی پوزیشن کمزور ہے اور یہ بھی کہ انہیں معاشی لحاظ سے اپنے پاؤں پر اٹھنے کیلئے ڈالر کی ضرورت ہوتی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# خرید وفروخت میں کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی شرط واپس لی جائے، عرفان اقبال شیخ

کراچی (بزنس ڈیسک) صدر ایف پی سی سی آئی عرفان اقبال شیخ نے واضح طور پر مطالبہ کیا ہے کہ آئندہ وفاقی بجٹ 2022-23 اور فنانس ایکٹ 2022 میں خرید وفروخت میں کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی شرط کو واپس لیا جانا چاہئے کیونکہ یہ زیادہ ٹیکس پیدا کرنے میں ناکام رہی ہے بلکہ فلائنگ انوائسز اور جعلی دستاویزات کے استعمال کو بڑھاوا دیتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ دنیا میں کہیں بھی خریدار سے خریداری کرتے وقت اپنا شناختی کارڈ جمع کروانے کے لیے نہیں کہا جاتا اور یہ شرط ہر طرح کی انتظامی، ریگولیٹری، آپریشنل، کمرشل اور معاشی پالیسیوں میں مقصدیت کے خلاف ہے۔عرفان اقبال شیخ نے کہا کہ شناختی کارڈ کی شرط کو متعارف کروانا معاشی ترقی کی قیمت پر محض سیاسی نعرے بازی کا حصہ تھا اور اب بھی وہی مفاد پرست ٹولہ اس کے تسلسل کے لیے پروپیگنڈہ کر رہا ہے؛ جبکہ انہیں کاروبار، صنعت اور تجارت کے زمینی حقائق کا کوئی ادراک نہیں ہے۔عرفان اقبال شیخ نے مزید کہا کہ ایف پی سی سی آئی نے وفاقی وزیر برائے خزانہ ومحصولات مفتاح اسماعیل کو بھی اس معاملے پر بریفنگ دی ہے کہ یہ کس طرح یہ شرط ملک میں معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کو منفی انداز میں متاثر کر رہی ہے۔صدر ایف پی سی سی آئی نے وضاحت کی کہ یہ شرط پاکستان میں پیداواری سرگرمیوں اور مارکیٹ پر منفی اثرات مرتب کرتی ہے۔انہوں نے یہ بھی یاد دہانی کروائی کہ ایف پی سی سی آئی کا دورہ کرنے والے چیئرمین ایف بی آر نے سال 2021 میں اپنے دورے کے دوران اعتراف کیا تھا کہ شناختی کارڈ کی شرط کی وجہ سے سیلز ٹیکس کی وصولی میں کمی واقع ہوئی ہے۔صدر ایف پی سی سی آئی نے مزید کہا ہے کہ زیادہ ٹیکس محصولات حاصل کرنے کا واحد قابل عمل حل یہ ہے کہ اسٹیک ہولڈرز یعنی کاروباری برادری، تاجروں اور صنعتکاروں کی مشاورت سے کاروبار دوست اور معاشی ترقی کا حامل وفاقی بجٹ پیش کیا جائے۔عرفان اقبال شیخ نے اعلیٰ ترین چیمبر کے صدر کی حیثیت سے ایف پی سی سی آئی کے پلیٹ فارم سے تاجر برادری اور حکومت اور حکومتی ریگولیٹرز کے درمیان پل کا کردار ادا کرنے اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

# معیشت پر نظر رکھنے کیلئے تھنک ٹینک قائم کیا جائے، ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

